# قابض اسرائیل کی طرف سے نئی عسکری کشیدگی، بنجمن نیتن یاھو کا بیروت کے جنوبی ضاحیہ پر بمباری کا حکم



قابض اسرائیل کی حکومت کے سربراہ بنجمن نیتن یاھو اور وزیر جنگ یسرائیل کاٹز نے فوج کو بیروت کے جنوبی ضاحیہ پر وحشیانہ حملے کرنے کی نئی ہدایات جاری کرنے کا اعلان کیا ہے، یہ احکامات جنوبی لبنان میں جھڑپوں کے دوران ایک اسرائیلی فوجی کی ہلاکت اور کئی دوسروں کے زخمی ہونے کے اعتراف کے چند گھنٹوں بعد سامنے آئے ہیں۔

بنجمن نیتن یاھو اور یسرائیل کاٹز نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ ہم نے فوج کو بیروت کے جنوبی ضاحیہ میں اہداف پر بمباری کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔

دوسری جانب امریکی ویب سائٹ ایکسیس نے اسرائیلی حکام کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ تل ابیب نے ٹرمپ انتظامیہ سے بیروت میں وسیع پیمانے پر بمباری اور حملے کرنے کے لیے گرین سگنل مانگا ہے، جبکہ امریکی ذرائع نے اشارہ دیا ہے کہ جنگ بندی کے لیے کی جانے والی حالیہ کوششوں کی رفتار سست پڑگئی ہے اور ساتھ ہی یہ انتباہ بھی جاری کیا گیا ہے کہ واشنگٹن کی طرف سے قابض اسرائیل کو عسکری کشیدگی بڑھانے کے لیے مزید چھوٹ دی جاسکتی ہے۔

آج صبح قابض اسرائیل کی فوج نے اعتراف کیا کہ جنوبی لبنان میں جاری لڑائی کے دوران مغلان کمانڈو یونٹ کا ایک سارجنٹ ہلاک اور تین دیگر فوجی زخمی ہوگئے ہیں۔

قابض اسرائیل کے ذرائع ابلاغ بشمول یدیعوت احرونوت اور چینل 12 نے بتایا کہ یہ اسرائیلی فوجی شقیف قلعہ کے قریب واقع یحمر قصبے کے علاقے میں حزب اللہ کی طرف سے داغے گئے ایک ڈرون طیارے کے حملے میں ہلاک ہوا جس نے اسرائیلی فوجی ٹکڑی کو نشانہ بنایا تھا۔ قابض اسرائیل کی فوج نے گذشتہ روز اتوار کی صبح اعلان کیا تھا کہ اس نے تزویراتی اہمیت کے حامل شقیف قلعہ پر اپنا کنٹرول مضبوط کرلیا ہے، جو کہ ایک بلندترین پہاڑی پر واقع ہے اور وہاں سے دریائے لیطانی اور وادی سلوقی پر مکمل نظر رکھی جاسکتی ہے۔

قابض فوج نے آج صبح جاری کردہ اپنے بیان میں بتایا کہ جنوبی لبنان میں گذشتہ دو ہفتوں کے دوران اس کے 137 افسران اور فوجی زخمی ہوئے ہیں، جبکہ مارچ کے اوائل میں لڑائی کے دوبارہ آغاز سے اب تک ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 26 ہوگئی ہے اور 1180 زخمی ہوئے ہیں، جن میں 69 کی حالت تشویشناک اور 134 کی حالت درمیانی نوعیت کی ہے۔

بیان میں اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا گیا کہ جنگ بندی کے اعلان کے بعد سے اب تک 14 اسرائیلی فوجی ہلاک ہوچکے ہیں جن میں سے 10 فوجی خودکش ڈرون حملوں کے نتیجے میں مارے گئے۔

میدانی سطح پر جنوبی لبنان سے داغے گئے راکٹوں اور ڈرون طیاروں کی شناخت کے بعد بالائی جلیل کے متعدد قصبوں بشمول المطلع، مرغلیوت اور المنارہ میں خطرے کے سائرن گونج اٹھے۔

اسرائیلی براڈ کاسٹنگ کارپوریشن نے بتایا کہ حزب اللہ نے فجر کے وقت سے ہی شمالی اسرائیل کی طرف راکٹوں اور ڈرون طیاروں کو داغنے کا سلسلہ مسلسل جاری رکھا ہوا ہے۔

اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے اس راکٹ لانچر کو تباہ کردیا ہے جسے گذشتہ رات طبریا کے علاقے کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کیا گیا تھا، اور یہ اعلان بھی کیا کہ انہوں نے لبنانی سرزمین سے آنے والے ایک مشکوک فضائی ہدف کی طرف ایک دفاعی میزائل داغا ہے۔ دوسری طرف حزب اللہ نے دو الگ الگ بیانات میں اعلان کیا ہے کہ اس نے جنوبی لبنان کی فضاؤں میں قابض اسرائیل کے ایک ہرمز 450 طرز کے ڈرون طیارے کا مقابلہ کیا ہے، اور اس کے ساتھ ہی یحمر الشقیف قصبے کے مشرقی مضافات میں قابض اسرائیل کی ایک فوجی ٹکڑی کو نشانہ بنایا ہے، اور تاکید کی ہے کہ یہ کارروائی جنگ بندی کے معاہدے کی بار بار کی جانے والی اسرائیلی خلاف ورزیوں کے جواب میں کی گئی ہے۔

اسی سیاق میں اسرائیلی فوج نے زبردستی بے دخلی کے اقدامات کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے جنوبی لبنان کے کئی قصبوں کے باسیوں کو فوری طور پر علاقے خالی کرنے کے دھمکی آمیز انتباہات جاری کیے ہیں، جن میں صیدا کے علاقے میں واقع العاقبیہ، الزراریہ، المروانیہ، صنیبر، النجاریہ، العدوسیہ اور خربہ بصل کے علاوہ جزین کے علاقے میں واقع ملیخ اور کفر حونہ کے قصبے شامل ہیں۔

اسرائیلی جنگی طیاروں نے تول قصبے کے مضافات پر وحشیانہ غارت گری کی، اس کے علاوہ جنوبی لبنان کے دو قصبوں میفدون اور حاروف پر بھی دو فضائی حملے کیے گئے۔

لبنانی وزارتِ صحت نے گذشتہ روز اتوار کو اعلان کیا کہ گذشتہ دو مارچ سے لبنان پر ہونے والے اسرائیلی حملوں اور سفاکیت کے نتیجے میں شہداء کی کل تعداد بڑھ کر 3412 ہوگئی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد 10 ہزار 269 تک پہنچ چکی ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ دو مارچ سے 31 مئی تک جاری رہنے والی اس وحشیانہ جارحیت کے نتیجے میں مجموعی طور پر 3412 افراد جامِ شہادت نوش کرچکے ہیں اور 10 ہزار 269 زخمی ہوئے ہیں۔

گذشتہ دو مارچ سے قابض اسرائیل نے لبنان کے خلاف اپنی وحشیانہ جارحیت کا دائرہ انتہائی وسیع کردیا ہے، جس کے نتیجے میں ہلاکتوں اور زخمیوں کے علاوہ دس لاکھ سے زائد افراد زبردستی ہجرت پر مجبور ہوئے ہیں، اور رہائشی عمارتوں سمیت بنیادی ڈھانچے کو بڑے پیمانے پر تباہی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

## قلعہ شقیف کے اطراف میں قابض اسرائیل کے خلاف تھکا دینے والی لڑائی لڑ رہے ہیں: حزب اللہ



غزہ: لبنانی تنظیم حزب اللہ نے کہا ہے کہ قابض اسرائیل کی فوج نے جنوبی لبنان میں واقع تاریخی قلعہ شقیف پر اپنے کنٹرول کا پروپیگنڈا کرکے ایک "معنوی اور میڈیا مہم کی کامیابی" حاصل کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ مقاومت کی طرف سے قابض افواج کے خلاف دکھائی جانے والی کارروائیوں کی ویڈیو فلموں کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔ حزب اللہ نے پیر کے روز جاری کردہ اپنے ایک بیان میں وضاحت کی ہے کہ اسرائیلی فوج نے پانچ دنوں سے زائد عرصے تک "یحمر الشقیف قصبے اور اس کے آس پاس کے دیہات پر شدید فضائی حملے اور توپ خانے سے بمباری کی جس کا مقصد اس علاقے پر کنٹرول حاصل کرنا اور قلعہ شقیف پر قبضہ کرنا تھا تاہم اسے سخت مقاومت اور شدید فائرنگ کا سامنا کرنا پڑا جس نے قصبے کے جنوبی محوروں سے اس کے غاصبانہ ہدف کو پورا نہ ہونے دیا۔ بیان میں اشارہ کیا گیا کہ قابض اسرائیل کی پیادہ فوج نے ہفتے کی شام تیس مئی سنہ 2026ء کو دھوئیں کی آڑ میں قلعے کے مشرقی حصے سے ناہموار اور غیر مرئی راستوں کے ذریعے قلعے تک پہنچ کر کچھ تصاویر بنائیں جنہیں اسرائیلی فوج نے فوراً ہی شائع کرکے اس جگہ پر اپنے قبضے کا پروپیگنڈا شروع کردیا۔

انہوں نے ذکر کیا کہ قلعہ شقیف مزاحمت کے کسی بھی عسکری وجود سے بالکل خالی تھا اور قابض دشمن کی طرف سے شائع کی جانے والی تصاویر اس علاقے پر اس کے حقیقی کنٹرول کی عکاسی نہیں کرتی ہیں۔ حزب اللہ نے تاکید کی ہے کہ اسرائیلی افواج کو گذشتہ روز فجر کے وقت سے قلعے کے اطراف میں اپنی موجودگی برقرار رکھنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے کیونکہ وہ اس تاریخی مقام کے نیچے واقع ریسٹ ہاؤس کے قریب پھیلی ہوئی ہیں اور تنظیم کے مجاہدین ان غاصب افواج کے خلاف ایک بھرپور "استنزاف (تھکا دینے والی) جنگ" لڑ رہے ہیں۔

حزب اللہ نے اپنے بیان کے آخر میں اس بات پر زور دیا کہ بعد میں نشر کی جانے والی ویڈیو فلمیں جاری جھڑپوں کی اصل نوعیت اور قلعہ شقیف کے اطراف میں اسرائیلی افواج کو پہنچنے والے جانی و مالی نقصان کے حجم کو واضح طور پر بے نقاب کردیں گی۔ گذشتہ دو مارچ سے قابض اسرائیل نے لبنان پر بڑے پیمانے پر وحشیانہ جارحیت شروع کر رکھی ہے جس کے نتیجے میں سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اتوار تک 3 ہزار 412 افراد جامِ شہادت نوش کرچکے ہیں اور 10 ہزار 269 زخمی ہوئے ہیں جبکہ اس سفاکیت کی وجہ سے دس لاکھ سے زائد افراد زبردستی ہجرت پر مجبور ہوچکے ہیں۔ قابض اسرائیل جنوبی لبنان کے متعدد علاقوں پر غاصبانہ قابض ہے جن میں سے کچھ علاقے دہائیوں سے اس کے قبضے میں ہیں اور کچھ دوسرے علاقے سنہ 2023ء اور سنہ 2024ء کے درمیان ہونے والی گذشتہ جنگ سے اس کے زیرِ تسلط ہیں جبکہ حالیہ جارحیت کے دوران وہ جنوبی سرحدوں کے اندر تقریباً 10 کلومیٹر تک آگے گھس آیا ہے۔

## قابض اسرائیل کے چوبیس گھنٹوں کے دوران غزہ پر حملوں میں دو شہید، چالیس زخمی



غزہ میں وزارتِ صحت نے اعلان کیا ہے کہ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قابض اسرائیل کی وحشیانہ جارحیت کے نتیجے میں دو شہداء کے اجسادِ خاکی اور 40 زخمی غزہ کی پٹی کے ہسپتالوں میں لائے گئے ہیں۔

وزارت نے اپنے ایک بیان میں بتایا ہے کہ گذشتہ دس اکتوبر سے جنگ بندی کے آغاز کے بعد سے اب تک شہداء کی کل تعداد 932 ہوگئی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد 2859 تک پہنچ چکی ہے اور ملبے سے نکالے گئے اجسادِ خاکی کی تعداد 781 ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ سات اکتوبر سنہ 2023ء کو جارحیت کے آغاز سے لے کر اب تک کے مجموعی اعداد و شمار کے مطابق شہداء کی تعداد بڑھ کر 72 ہزار 941 ہوگئی ہے جبکہ زخمیوں کی مجموعی تعداد 1 لاکھ 72 ہزار 967 تک جا پہنچی ہے۔

وزارتِ صحت نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ اب بھی بہت سے مظلوم متاثرین ملبے کے نیچے اور راستوں پر پڑے ہوئے ہیں کیونکہ ایمبولینس کے عملے اور شہری دفاع کی ٹیمیں اس وقت تک ان تک پہنچنے سے بالکل قاصر ہیں۔

قابض اسرائیل کی سفاک افواج نے نازحین اور پناہ گزینوں کے ٹھکانوں پر فضائی اور توپ خانے کی شدید بمباری کے ذریعے غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ مسلسل جاری رکھا ہوا ہے، اس کے ساتھ ہی نام نہاد پیلی لائن کے اندر عمارتوں کو دھماکوں سے اڑانے اور تباہی پھیلانے کی کارروائیاں کی جارہی ہیں جبکہ دوسری طرف سامانِ تجارت، امداد کی ترسیل اور سفر کی نقل و حرکت پر غاصبانہ پابندیاں اب بھی برقرار ہیں۔

## سینکڑوں یہودی آبادکاروں کا مسجدِ اقصی پر دھاوا، مقدس صحنوں کی بے حرمتی




غزہ: یہودی آبادکاروں کے جتھوں نے آج پیر کی صبح قابض اسرائیل کی افواج کے انتہائی سخت سکیورٹی حصار اور سرپرستی میں مسجدِ اقصی مبارک کی باحات پر دھاوے اور ان کی بے حرمتی کا سلسلہ جاری رکھا۔ مقدس شہر کے ذرائع نے بتایا کہ آج پیر کے روز صبح کے وقت ہونے والے ان غاصبانہ دھاووں کے دوران 289 سے زائد یہودی آبادکاروں نے مسجدِ اقصی مبارک کی باحات پر دھاوا بولا۔

ذرائع نے وضاحت کی کہ ان یہودی آبادکاروں نے مسجد کے احاطے میں اشتعال انگیز چکر لگائے اور تلمودی رسومات ادا کیں، اور انہیں قابض اسرائیل کی افواج کی جانب سے سخت ترین سکیورٹی فراہم کی گئی تھی جس نے انہیں مکمل تحفظ فراہم کرکے اس مقدس مقام پر ایک جارحانہ حقیقت مسلط کرنے کی غاصبانہ کوشش کی۔

ذرائع نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ مسجدِ اقصی میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ اب محض سرسری دھاوے نہیں رہے، بلکہ کسی حقیقی عالمی رکاوٹ کے نہ ہونے کے باعث زمین پر یہودیت کے نئے حقائق مسلط کرنے کے لیے تیزی سے بڑھتے ہوئے اقدامات ہیں، اور ان سنگین خلاف ورزیوں پر ہر طرح کی خاموشی مزید غاصبانہ تسلط کا راستہ کھولتی ہے۔

یہودی آبادکاروں کے ان دھاووں کی رفتار میں یہودی تہواروں اور مناسبتوں کی آڑ میں مسلسل اضافہ دیکھا جارہا ہے، جو کہ مسجد کے اندر زمانی اور مکانی تقسیم مسلط کرنے کی ایک منظم حکمتِ عملی کا حصہ ہے، اور یہ اقدام اس تاریخی اور قانونی حیثیت "اسٹیٹس کو" کو مسلسل سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے جو مسجد پر اردن کی تولیت اور اسلامی اوقاف کی انتظامیہ کو تسلیم کرتی ہے۔

میدانِ عمل کی یہ حالیہ پیش رفت مقدس شہر میں حالات کے دوبارہ دھماکہ خیز ہونے کا واضح اشارہ دے رہی ہے، جہاں مبصرین اس بات پر متفق ہیں کہ بین الاقوامی خاموشی کا تسلسل اور انتہا پسند ہیکل الہیٰ کے گروہوں کے ساتھ قابض دشمن کی حکومت کا گٹھ جوڑ پورے خطے کو ایک مذہبی جنگ کی طرف دھکیل رہا ہے، جبکہ دوسری طرف فلسطینی اپنے سینوں کو سپر بنا کر اپنے مقدسات کا دفاع کرنے اور وہاں رباط و استقامت کا سلسلہ جاری رکھنے پر بضد ہیں تاکہ یہودیت اور زبردستی بے دخلی کی تمام غاصبانہ کوششوں کو ناکام بنایا جاسکے۔

## حماس کا قابض اسرائیل کو جنسی تشدد کے مرتکب ممالک کی بلیک لسٹ میں شامل کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم



غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) نے اقوامِ متحدہ کے متعلقہ اداروں کی جانب سے کی جانے والی تحقیقات، دستاویزی شواہد اور گواہیوں کی بنیاد پر غاصب صہیونی قابض ریاست کو تنازعات کے شکار علاقوں میں جنسی تشدد کی مختلف اقسام کا ارتکاب کرنے والے مجرموں سے متعلق اقوامِ متحدہ کی بلیک لسٹ میں شامل کرنے کے فیصلے کا بھرپور خیر مقدم کیا ہے۔ حماس نے پریس کو جاری کردہ اپنے ایک بیان میں اس قدم کو قابض فوج کی طرف سے ہمارے مظلوم فلسطینی عوام کے خلاف ارادی اور ہولناک منظم جرائم کی توثیق کے لیے ایک نیا دستاویزی ثبوت قرار دیا ہے اور اسے جنگی مجرم قابض رہنماؤں کے طویل عرصے سے منتظر محاسبے کی راہ میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔

انہوں نے زور دیا کہ اس فہرست میں نام کا شامل ہونا محض اقوامِ متحدہ کا ایک اندراج یا زبانی بیان بن کر نہیں رہ جانا چاہیے، بلکہ اس کے بعد ایسے عملی اور سخت اقدامات اٹھائے جانے چاہئیں جو جنگی مجرم بنجمن نیتن یاھو کی فاشسٹ حکومت کی طرف سے بین الاقوامی انسانی قوانین اور انسانی حقوق کے تمام عالمی معاہدوں و ضوابط کی سنگین خلاف ورزیوں کو روک سکیں۔ یہ تبھی ممکن ہے جب مذمت کے مروجہ مصلحت پسندانہ دائرے سے فوری طور پر باہر نکل کر مجرموں کا حقیقی احتساب کے کٹہرے میں لایا جائے، ہمارے بے بس فلسطینی عوام کو بین الاقوامی تحفظ فراہم کیا جائے اور ان ہولناک جرائم کے ذمہ داروں کا متعلقہ عالمی عدالتوں میں قانونی تعاقب کیا جائے۔

حماس نے انسانی حقوق کے تمام بین الاقوامی اور انسانی اداروں سے یہ پرزور مطالبہ بھی کیا ہے کہ وہ ہمارے مظلوم فلسطینی عوام کے خلاف قابض دشمن کی جانب سے ڈھائے جانے والے تمام تر مظالم اور انسانیت سوز خلاف ورزیوں کو دستاویزی شکل دینے کے لیے اپنی کوششیں مزید تیز کریں۔ اس کے ساتھ ہی ان کے سفاک کمانڈروں اور سپاہیوں کے خلاف قانونی کارروائی کرنے اور عالمی رائے عامہ کے سامنے ان مجرمانہ ہتھکنڈوں کو بے نقاب کرنے کے لیے کام کریں، تاکہ ان ظالموں کو سزا دلانے اور سزا سے بچ نکلنے کی اس روش کو ختم کرنے میں مدد مل سکے جس نے قابض اسرائیل کو اپنے سنگین جرائم میں مزید اندھا دھند آگے بڑھنے پر شہ دی ہے۔

## غزہ کی پٹی کے وسط میں قابض اسرائیل کے فضائی حملے کے نتیجے میں ایک شہری شہید اور ایک زخمی



غزہ: غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے کی متواتر اسرائیلی خلاف ورزیوں کے تسلسل کے درمیان غزہ کی پٹی کے وسط میں واقع البریج پناہ گزین کیمپ میں ایک سائیکل پر قابض اسرائیل کے فضائی حملے کے نتیجے میں ایک فلسطینی شہری جامِ شہادت نوش کرگیا اور دوسرا زخمی ہوگیا ہے۔

مقامی ذرائع نے بتایا کہ قابض اسرائیل کی افواج کے ایک ڈرون طیارے نے غزہ کی پٹی کے وسط میں واقع البریج پناہ گزین کیمپ میں ایک بائیسکل کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں شہری یوسف رمضان شہید ہوگئے اور ایک اور فلسطینی زخمی ہوگیا۔

مقامی ذرائع نے اطلاع دی ہے کہ قابض دشمن کے توپ خانے نے غزہ کی پٹی کے وسط میں واقع البریج پناہ گزین کیمپ کے شمال مشرقی علاقوں پر شدید گولہ باری کی جس سے علاقے کے باسیوں میں شدید خوف و ہراس اور تناؤ کی لہر دوڑ گئی۔

دوسری طرف قابض افواج نے خان یونس شہر کے شمال مشرق میں رہائشی عمارتوں اور مکانات کو دھماکوں سے اڑانے اور مسمار کرنے کی سفاکانہ کارروائیاں کیں جس کے دوران علاقے میں یکے بعد دیگرے زوردار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ اسی طرح قابض اسرائیل کی عسکری گاڑیوں نے غزہ کی پٹی کے شمال میں واقع بیت لاہیا قصبے کے شمال مشرقی علاقوں کی طرف اندھا دھند اور شدید فائرنگ کی تاہم فوری طور پر کسی کے زخمی ہونے کی معلومات موصول نہیں ہوئیں۔

قابض افواج گذشتہ دس اکتوبر سے جنگ بندی کے معاہدے کی مسلسل خلاف ورزیاں کررہی ہیں جبکہ پٹی کے متعدد علاقوں میں بمباری اور تباہی و بربادی کا غاصبانہ سلسلہ تاحال جاری ہے۔ غزہ میں وزارتِ صحت کے مطابق گذشتہ گیارہ اکتوبر سے جنگ بندی کے آغاز کے بعد سے اب تک شہداء اور زخمیوں کی تعداد 933 شہداء اور 2860 زخمیوں تک پہنچ چکی ہے جبکہ ملبے سے نکالے گئے افراد کی تعداد 781 ہے۔

Sahafat Urdu Daily Birmingham (U.K.) Web Edition, Published by Nagma Amir from Teddington Grove, Perry Barr, Birmingham B 42IRG U.K.
Proprietor and Group Editor: Aman Abbas, Resident Editor: Amir Mehdi, (Responsible for the selection of News ) Bureau Chief: Nagma Amir, E-mail: naghmaamir@rediffmail.com, Mobile:+447897386368

